10199-کیا قرآنی آیات پر مشتمل کتابیں عسائیوں کودینا جائزہیں

سوال

کیا میرے لیے جائزہے کہ اللہ تعالی کی وحدانیت کے ثبوت اورقرآنی آیات پر مشتمل عربی زبان میں لکھی ہوئ کتابیں اوراس کا انگلش میں کیا گیا ترجمہ عیسائیوں کودوں ؟

پسندیدہ جواب

جی ہاں آپ عیسائیوں کے سامنے قرآنی آیات پر مشتمل کتابیں رکھ سکتے ہیں تاکہ ان سے احکام اور توحید وغیرہ پراستدلال کرسکیں چاہے یہ کتابیں عربی میں ہوں یا انگلش میں اس کا ترجمہ کیا گیا ہو۔

بلکہ آپ اس کام پر مشکورہوں گے اس لیے کہ ایسی کتابیں انہیں مطالعہ کے لیے عایتا دینا یا پھران کے سامنے رکھنا یہ بھی دعوت الی اللہ کی نوع اور قسم ہے ، اورایسا کام کرنے والا عنداللہ ماجورہے جبکہ اس میں اخلاص پایا جائے اوراسے اخلاص سے کرے ۔